USAID
امریکی عوام کی طرف سے

University of
veterinary & Animal
Sciences Lahore

DRDF
Dairy and Rural
Development
Foundation

چارہ جات

برائے کامیاب ڈیری فارمنگ

(مکئی، جئی)

فی ایکڑ 1650 من سے زائد سبز چارہ سالانہ

فی ایکڑ زیادہ چارہ، اعلیٰ کوالٹی، کم سے کم لاگت اور منافع زیادہ

چارہ جات

برائے کامیاب ڈیری فارمنگ

Disclaimer

This publication is made possible by the support of the American people through the United States Agency for International Development (USAID). The views expressed in this publication are the authors' views and they do not necessarily reflect the opinion of USAID or the United States Government.

DAIRY PROJECT

اہمیت

سال بھر میں ایک ایکڑ سے مکئی کی تین یا دو فصلیں اور ایک فصل جئی حاصل کر سکتے ہیں۔جس کی فی ایکڑ اوسط پیداوار 60 تا 70 ٹن (سبز چارہ بمعہ دانہ) ہوگی۔اس 60 تا 70 ٹن چارے میں دانے کی موجودگی کا تناسب 20 فیصد ہوتا ہے۔چارے کی 65 ٹن فی ایکڑ پیداوار حاصل کر کے زمیندار با آسانی ایک ایکڑ پر 4 سے 5 دودھیل جانور پال سکتا ہے۔اس طرح ایک جانور کو 30 تا 35 کلو (سبز چارہ اور 6 کلو دانہ) استعمال کروایا جا سکتا ہے۔جس کی قیمت تقریبا 25 روپے ہے

نوٹ :

سالانہ فی ایکڑ 3 فصلوں کا کل خرچہ کا تخمینہ 80,000 روپے لگایا گیا ہے۔

سال میں مکئی کی بوائی اور برداشت

Crop Rotation (فصلوں کا سلسلہ وار اُگاؤ)

سال میں مکئی کی تین فصلیں

فصل	وقت بوائی	وقت برادشت برائے سائیلج
مکئی	جنوری/فروری	یکم مئی
مکئی	15 مئی	10 اگست
مکئی	20 اگست	20 نومبر

سال میں مکئی اورجئی کی بوائی اور برداشت

Crop Rotation (فصلوں کا سلسلہ وار اُگاؤ)

سال میں مکئی کی دو فصلیں اور جئی کی ایک فصل

فصل	وقت بوائی	وقت برادشت برائے سائیلج
مکئی	20فروری	25مئی
مکئی	20جون	20ستمبر
جئی	15اکتوبر	15جنوری

طریقۂ

کاشت

DAIRY PROJECT

طریقہ کاشت موسمی مکئی

زمین کی تیاری

مکئی کی کاشت کے لئے زمین بہت اچھی طرح تیار کرنی چاہیے۔ بہتر تیاری کے لئے تین چار مرتبہ ہل اور سہاگہ چلائیں اور اچھی طرح ہموار کرلیں۔

نوٹ :

صوبہ پنجاب کی آب وہوا اور زرخیز زمین مکئی کی کاشت کے لیے نہایت موزوں ہے۔

طریقہ کاشت

1۔ وقت کاشت = جولائی تا اگست

2 موسمی مکئی کو شمالاً جنوباً بنائی گئی وٹوں کی ڈھلوان پر کاشت کرنے سے پیداوار زیادہ ہوتی ہے۔ جدید تحقیق کے مطابق مکئی 3 فٹ چوڑی پٹی بنا کر اس کے دونوں کناروں پر کاشت کرنے سے پانی کی بچت ہوتی ہے۔

کھیلی میں بوائی کریں۔

کھیلی سے کھیلی کا فاصلہ 27 انچ ہونا چاہیے۔

پودے سے پودے کا فاصلہ 7-5 انچ ہونا چاہیے۔

کھاد کا استعمال

1۔ بوائی کے وقت = دو بیگ ڈی اے پی + ایک بیگ پوٹاش

2۔ پودے کی اونچائی 1.5 فٹ = ایک بیگ یوریا

3۔ پودے کی اونچائی 3 فٹ = ایک بیگ یوریا

4۔ پھول کھلنے سے پہلے = ایک بیگ یوریا

ادویات کا استعمال

1۔ بوائی کے وقت = کونفیڈور (ایمیڈاکلوپرائیڈ) 5 گرام

2۔ بوائی کے بعد 36 گھنٹے کے اندر سپرے (جڑیں) = سپرے پریماسڑا 1 لیٹر فی ایکڑ

3۔ 15 سے 20 دن کے دوران = فیوراڈان 8 کلوگرام/ایکڑ (کونپلوں پر)

آبپاشی: 6 سے 8 دفعہ

طریقہ کاشت بھاریہ مکئی

1 وقت کاشت = شروع جنوری تاوسط فروری

2 کھیلیوں میں بجائی کریں۔

3 کھیلیاں شمال سے جنوب بنائی جائیں۔

4 بیج کی بوائی کھیت کی مشرق والی سمت سے ہونی چاہئے۔

5 پودے کا پودے سے فاصلہ 7-5 انچ ہونا چاہیے۔

6 کھیلیوں کا درمیانی فاصلہ 27 انچ ہونا چاہیے۔

کھاد کا استعمال

1۔ بوائی کے وقت	=	دو بیگ ڈی اے پی + ایک بیگ پوٹاش
2۔ پودے کی اونچائی 1.5 فٹ	=	ایک بیگ یوریا
3۔ پودے کی اونچائی 3 فٹ	=	ایک بیگ یوریا
4۔ پھول کھلنے سے پہلے	=	ایک بیگ یوریا

ادویات کا استعمال

1۔ بوائی کے وقت	=	کونفیڈور (ایمیڈا کلوپرائیڈ) 5 گرام
2۔ بوائی کے بعد 36 گھنٹے کے اندر سپرے (جڑیں)	=	سپرے پریماسڑا 1 لیٹر فی ایکڑ
3۔ 15 سے 20 دن کے دوران	=	فیوراڈان 8 کلوگرام/ایکڑ (کونپلوں پر)

جئی

بیج cK- 1

کھاد

1۔ بوقت کاشت	=	3بوری SSP، 1/2 بوری پوٹاش، 1/2بوری یوریا
2۔ پانی کے ساتھ	=	1/2 بوری یوریا

مکئی اور اس کی اقسام سالانہ پیداوار

فصل	بوائی کا وقت	کمپنی	اقسام	شرح بیج	چارے کی پیداوار	اناج کی پیداوار	وقت برداشت اور فصل کی سرسبز حالت	دورانیہ (بجائی تا برداشت)	
	ماہ			کلوگرام	ٹن	ٹن	سبز/خشک	بیج	سائیلج
بہار	جنوری تا مارچ	پائینیر (Pioneer)	پائینیر 32B33	10	20	3	خشک	110-115	95
		پائینیر (Pioneer)	پائینیر 34N43	10	20	3	سبز	105-110	95
		سینجنٹا (Syngenta)	سینجنٹا 8441	10	23	3.5	سبز	110-115	95
		آئی سی آئی (ICI)	آئی سی آئی 8288	10	21	3	سبز	110-115	95
		مونسینٹو (Monsentoo)	مونسینٹو 6525	10	20	3	سبز	110-115	95
		پاک افغوئی (Pak Afgoi)	پاک افغوئی BNP	10	23	2.5	خشک	120	100
	اپریل تا جنولائی	اوکامس (Ok Mas)	اوکامس BNP	10	30	2.5	خشک	130	110
		پائینیر (Pioneer)	پائینیر 3062	10	18	3	خشک	105	85
خریف	جولائی تا اگست	پائینیر (Pioneer)	پائینیر 31R88	10	22	3	سبز	110	80-85
		پائینیر (Pioneer)	پائینیر 30Y87	10	23	3	سبز	110	80-85
		سینجنٹا (Syngenta)	سینجنٹا 661	10	23	3.5	سبز	110	80-85
		آئی سی آئی (ICI)	آئی سی آئی 984	10	23	3	سبز	110	80-85
		مونسینٹو (Monsentoo)	مونسینٹو 919	10	23	3	سبز	110	80-85
		پاک افغوئی (Pak Afgoi)	پاک افغوئی BNP	10	25	2.5	سبز	115	95-100
		اوکامس (Ok Mas)	اوکامس BNP	10	28	2.5	سبز	135	110

معاشی خودمختاری بذریعہ ڈیری اور لائیوسٹاک ڈویلپمنٹ

Economic Empowerment Through Dairy & Livestock Development

info@dairyproject.org.pk | www.dairyproject.org.pk | www.facebook.com/USAIDairyproject